**12.06.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

-------------------------------

☆ لندن جانے والا ایئر انڈیا کا ایک مسافر بردار طیارہ، جس میں 242لوگ سوار تھے، گجرات میں احمدآباد ہوائی اڈّے کے نزدیک گِر کر تباہ ہوگیا۔

☆ تباہ ہوجانے والے اِس طیارے میں 169 بھارتی، 53انگلینڈ کے باشندے، ایک شہری کنیڈا کا اور سات پرتگال کے باشندے سوار تھے۔

☆ گجرات کی حکومت نے متاثرین کے اہل خانہ سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ شناخت کیلئے DNA کے نمونے فراہم کریں۔ حادثے میں ہلاک ہونے والے افراد میں گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی بھی شامل تھے۔

☆ حادثے میں ایک شخص معمولی زخموں کے ساتھ زندہ بچا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ، نائب صدر، وزیر اعظم اور انگلینڈ کے وزیراعظم نے افسوس کا اظہار کیا ہے۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو صورتحال کاجائزہ لینے کیلئے جائے حادثے پر پہنچ گئے ہیں۔

☆ بھارتی فوج اور NDRF کی ٹیمیں انسانیت نوازی پر مبنی تعاون اور قدرتی آفت کی صورت میں راحت پہنچانے کی کوششوں میں لگی ہیں۔

☆ محکمہ موسمیات نے ہفتے کے دن تک دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور جموں وکشمیر میں گرمی کی شدید صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Gujarat Planc Crash**

لندن جانے والا ایئر انڈیا کا ایک مسافر بردار طیارہ، جس میں دو پائلٹس اور عملے کے دس ارکان سمیت 242لوگ سوار تھے، گجرات میں احمدآباد ہوائی اڈّے کے نزدیک میگھانی نگر علاقے میں گِر کر تباہ ہوگیا۔ مسافروں میں سے 169 بھارتی باشندے اور 53انگلینڈ کے باشندے تھے۔ ایک شہری کنیڈا کا اور سات پرتگال کے باشندے

فلائٹ نمبر A1-171 پر سوار تھے، جو احمدآباد سے لندن جارہی تھی۔ جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل نے بتایا کہ حادثے میں گجرات کے سابق وزیر اعلیٰ وجے روپانی بھی انتقال کر گئے۔

S/B C R Patil on Rupani

اس حادثے میں ایک شخص زندہ بچ پایا ہے جسے ہلکی پھلکی چوٹیں آئی ہیں۔ ان کا نام وشواس کمار رمیش ہے اور یہ برطانیہ کے باشندے ہیں۔ زخمیوں کو قریبی اسپتال لے جایا گیا ہے۔

شہری ہوا بازی کی وزارت نے اطلاع دی ہے کہ وزارت میں ایک کنٹرول روم بنایا گیا ہے تاکہ تفصیلات کے درمیان تال میل قائم رہے۔

یہ تفصیلات رابطہ نمبر

صفر ایک ایک – دو چار چھ – ایک صفر – آٹھ چار تین۔ اور

نو چھ پانچ – صفر تین نو – ایک آٹھ پانچ نو پر دستیاب ہیں۔

اس میں مزید کہا گیا ہے کہ وزارت تمام متاثرین کیلئے تیزی سے ردِّعمل کا اظہار کرنے اور پورا تعاون فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ مسافروں کے سوالات اور تعاون کیلئے احمدآباد ہوائی اڈّے پر ایک مخصوص ہیلپ لائن نمبر قائم کیا گیا ہے۔

نمبر ہے:

نو ایک – نو نو – سات چار ایک – ایک ایک تین دو سات

مسافروں کیلئے ایک اور ہاٹ لائن

ایک آٹھ صفر صفر – پانچ چھ نو ایک – چار چار چار

بھی ایئر انڈیا کی طرف سے قائم کیا گیا ہے تاکہ مزید معلومات مہیا کرائی جاسکے۔

طیاروں کے حادثات کی تحقیقات سے متعلق بیورو کے ڈائریکٹر جنرل، تحقیقاتی محکمے کے ڈائریکٹر اور Go Team بھی ایئرانڈیا کے طیارے کے حادثے کے بعد احمدآباد جارہی ہے۔

خبر ملتے ہی آگ بجھانے والی اور پولیس کی ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئیں۔ 90اہلکاروں پر مشتمل قدرتی آفات کی صورت میں بندوبست کرنے والی فورس NDRF کی ٹیموں گاندھی نگر سے جائے حادثہ پر تعینات کیا گیا ہے۔ NDRF کی تین مزید ٹیموں کو وڈوڈرہ سے روانہ کردیا گیا ہے۔ زخمیوں کو علاج کیلئے احمدآباد سول اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔

حادثے کی وجہ کا پتہ لگانے کیلئے فی الوقت مزید تحقیقات جاری ہے۔ جائے حادثے کی طرف جانے والی تمام سڑکوں کی ناکہ بندی کردی گئی ہے تاکہ راحت اور امدادی کارروائی میں رخنہ نہ پڑے۔ ایئرانڈیا نے کہا ہے کہ وہ تفصیلات کا پتہ لگانے کی کوشش کر رہی ہے۔ گجرات میں اس حادثے کے بعد بھارتی ریلوے احمدآباد سے دو خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا تاکہ مسافروں کو سہولت ہو۔

ایک ریل گاڑی ممبئی کیلئے احمدآباد سے رات بارہ بجے روانہ ہوگی جبکہ دوسری ریل گاڑی نئی دلّی کیلئے احمدآباد سے ساڑھے گیارہ بجے چلے گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے احمدآباد میں المناک حادثے پر انتہائی افسوس کا اظہار کیا ہے۔
سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ ایک دِل دہلا دینے والا حادثہ ہے اور ان کی تمام نیک خواہشات متاثرہ افراد کے ساتھ ہیں۔

نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے احمدآباد میں اِس افسوسناک حادثے پر انتہائی دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب دھنکھڑ نے کہا کہ رنج والم کے اِس موقع پر ملک متاثرہ افراد کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے جہاز کے گِر کر تباہ ہونے کو ناقابل بیان دِل دہلا دینے والا واقعہ قرار دیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ اُن وزرا اور حکام کے رابطے میں ہیں جو متاثرین کو تعاون فراہم کرنے کیلئے کام کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اِس المناک گھڑی میں وہ تمام مہلوکین کے تئیں تعزیت پیش کرتے ہیں۔

وزیر داخلہ امت شاہ اور شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے جائے حادثے پر پہنچ گئے ہیں۔

وزیر اعظم نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو سے احمدآباد میں ایئرانڈیا کے اِس جہاز کے گِرنے کے متعلق بات چیت کی۔ جناب مودی نے اُنھیں ہدایت دی کہ وہ حادثے کے متاثرین کیلئے ہرممکن مدد فوراً فراہم کئے جانے کو یقینی بنائیں۔

جناب نائیڈو نے بتایا کہ تمام متعلقہ ایجنسیاں ہائی الرٹ پر ہیں اور تال میل پر مبنی کوششیں جاری ہیں۔

انھوں نے بتایا کہ اُن کی وزارت صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور اس نے شہری ہوابازی اور ایمرجنسی کی صورت میں کام کرنے والی تمام ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تیز اور تال میل پر مبنی کارروائی کریں۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے گجرات کے وزیر اعلیٰ اور ریاست کے وزیر داخلہ سے حادثے کے بارے میں بات چیت کی۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ زخمیوں کو اسپتال پہنچانے کیلئے ایک گرین کوریڈور تیار کرنے کے سلسلے میں ہدایات دے دی گئیں اور اِس سلسلے میں بھی ہدایت دی گئیں کہ تمام طبی سہولیات کو ترجیحی بنیاد پر فراہم کئے جانے کو یقینی بنایا جائے۔

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ احمدآباد میں فوجی کنٹونمنٹ میں بھارتی فوج نے اپنی عمارت کی باؤنڈری والی دیوار کو توڑ کر راستہ بنا دیا ہے تاکہ جائے حادثے تک رسائی میں آسانی ہو۔ CISF نے بتایا کہ اُس کے اہلکاروں نے فوراً ہی ایمرجنسی پروٹوکولز پر عمل کیا اور وہ فوراً ہی جائے حادثے کی طرف پہنچ گئے۔CISF نے رنج و الم کی اِس گھڑی میں متاثرین اور اُن کے اہل خانہ کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔x

## UK Helpline Number

بھارت میں واقع برطانوی ہائی کمیشن نے احمد آباد طیارہ حادثے کے پیش نظر ایک ہیلپ لائن نمبر:
پلس چارچار، دو صفر، سات صفر صفر آٹھ، پانچ صفرصفرصفر جاری کیا ہے۔

برطانوی ہائی کمیشن نے اُن برطانوی شہریوں کو مدد فراہم کرنے کیلئے یہ ہیلپ لائن نمبر جاری کیا ہے، جو قونصلر مدد چاہتے ہیں۔ x

## Eye Witnesses

کچھ عینی شاہدین نے طیارہ حادثے کے بارے میں بتایا:

S/B: Eye Witness on Air Crash

## World Leaders Condolences

احمدآباد میں جہاز گر کر تباہ ہونے کے واقعے میں متاثرہ افراد کیلئے دنیا بھر کے لیڈروں کی جانب سے تعزیت کا اظہار کیا جارہا ہے۔ روس کے صدر ولادیمیر پتن نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی کو اِس المناک حادثے کے سلسلے میں ایک تعزیتی پیغام بھیجا ہے۔ مالدیپ کے صدر محمدمُعِزّو نے افسوس کا اظہار کیا ہے اور بھارت کی حکومت اور عوام کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے۔ کنیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے کہا کہ اِس حادثے سے اُن کے ملک کو بیحد افسوس ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ کنیڈا کے افسران اِس حادثے کے تناظر میں اپنے ہم منصب افسران کے ساتھ قریبی رابطے میں ہیں۔یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی نے بھی سوشل میڈیا پر اِس المناک حادثے کے سلسلے میں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔یوروپی یونین کی صدر Ursula von der Leyen نے بھی حادثے کے سلسلے میں صدمے کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ افسوس کی اِس گھڑی میں بھارت کے عوام کے ساتھ ہیں۔انگلینڈ کے وزیر Keir Starmar نے جہاز گرنے کے اِس حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں انھوں نے کہا کہ انگلینڈ کے کئی باشندوں کو لے جارہے اِس جہاز کا گر کر تباہ ہونا انتہائی المناک ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ افسوس کی اِس گھڑی میں وہ مسافروں اور ان کے اہل خانہ کے تئیں تعزیت پیش کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ آسٹریلیا کے وزیر اعظم اینتھونی البانیز، فرانس کے صدر ایمونئل میخوں، سنگاپور کے وزیر اعظم لارینس وانگ اور دیگر نے اس حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔x

## Plane Crash DNA Testing

گجرات سرکار نے ایئر انڈیا کے طیارہ حادثے کے تناظر میں احمد آباد کے B.J. میڈیکل کالج میں DNA جانچ کے انتظامات کیے ہیں۔ طیارے کے مسافروں کے اہل خانہ اور قریبی افراد، خاص طور پر ان کے والدین اور بچوں سے کہا گیا ہے کہ وہ جلد از جلد متاثرین کی شناخت کیلئے اپنے نمونے مذکورہ کالج میں جمع کرائیں۔ یہ بات، گجرات کے محکمۂ صحت کے ایڈیشنل چیف سکریٹری Dhananjay Dwivedi نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تقریباً 50 زخمیوں کو احمدآباد سول اسپتال لایا گیا ہے اور انہیں بہترین علاج فراہم کیا جا رہا ہے۔

S/B: Dhananjay Dwivedi

جناب Dwivedi نے اجاگر کیا کہ احمد آباد سول اسپتال میں طلباء کا ہاسٹل، اسٹاف کوارٹرس اور دیگر رہائشی عمارتیں اُس علاقے میں واقع ہیں، جہاں طیارہ گر کر تباہ ہوگیا۔ x

## MEA Briefing

وزارت خارجہ نے آج کہا ہے کہ جی– 7 سربراہ کانفرنس کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی اور کناڈا کے وزیر اعظم Mark Carney کے درمیان ہونے والی میٹنگ دو طرفہ اور عالمی معاملات پر تبادلۂ خیال کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔ جی– 7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے جناب مودی کے کناڈا کے مجوزہ دورے پر پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیر اعظم کو گزشتہ ہفتے، کناڈا کے وزیر اعظم کا فون آیا، جس میں اُنہیں جی– 7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے کیلئے مدعو کیا گیا۔

S/B: Randhir Jaiswal on Canda Visit

انہوں نے کہا کہ بھارت اور کناڈا مشترکہ جمہوری اقدار، قانون کی بالادستی کیلئے مستحکم عزم اور عوام سے عوام کے درمیان مضبوط تعلقات پر مبنی متحرک جمہوریتیں ہیں۔

لاس اینجلس میں اتار چڑھاؤ کی صورتحال کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت، بیرون ملک اپنے شہریوں کی حفاظت، سلامتی اور بہبود کو انتہائی سنجیدگی کے ساتھ لیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاس اینجلس خطے میں بھارتیوں کی ایک قابل ذکر تعداد آباد ہے۔ انہوں نے خطے میں مقیم بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا کہ وہ مناسب حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔ جناب جیسوال نے بنگلہ دیش کے سراج گنج ضلع میں 8 جون کو ایک ہجوم کے ذریعے گرودیو رابندرناتھ ٹیگور کے آبائی گھر پر نفرت انگیز حملے اور توڑ پھوڑ کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ پُرتشدد واقعہ انتہائی شرمناک ہے اور اُس جامع فلسفے اور تعلیمات کے برخلاف ہے، جس کی وکالت، نوبیل انعام یافتہ گرودیو رابندرناتھ ٹیگور نے بنگلہ دیش میں کی تھی۔ x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے دلّی اور پنجاب کے علاقوں میں لُو چلنے کا ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔
آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنسداں نریش کمار نے کہا کہ اگلے دو روز کے دوران اِن علاقوں میں شدید گرمی کے حالات رہیں گے۔ انہوں نے مطلع کیا کہ دو دن کے بعد حالات میں بہتری آنے کا امکان ہے۔

2100- Naresh Kumar-IMD

## Cricket WTC Final

آئی سی سی کرکٹ ورلڈ ٹیسٹ چمپئن شپ فائنل میں آسٹریلیا نے جنوبی افریقہ کو آج 138 رن پر آل آؤٹ کردیا۔ لارڈس کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے جارہے اِس میچ میں آسٹریلیا کو پہلی اننگز میں 74 رن کی سبقت حاصل تھی۔

آسٹریلیا کے کپتان Pat Cummins نے چھ وکٹ لے کر جنوبی افریقہ کی ٹیم کو جلد ہی آؤٹ کر دیا۔
دوسری اننگز میں اب سے کچھ دیر پہلے تک آسٹریلیا نے 7وکٹ کھوکر 74رن بنالئے تھے۔
آکاشوانی سے اس میچ کا آنکھوں دیکھا حال ہندی اور انگریزی میں باری باری سے نشر ہو رہا ہے۔ اِسے دوپہر دو بجکر 55منٹ سے رات دس بجے تک یا میچ کے آخر تک اِندر پرست اور دوسرے چینلوں پر سنا جاسکتا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆